۷۸۶
جو کوئی چاہے ہمیشہ جنت الماوی بہشت
صدق دل سے وہ پڑھے یہ شجرۂ پیران چشت
شجرۂ
طیّبہ
سُلیمانیہ سَدِیدیا

۷۸۶

جو کوئی چاہے ہمیشہ جنت الماویٰ بہشت
صدق دل سے وہ پڑھے یہ شجرۂ پیران چشت

شجرۂ طیبہ

سُلیمانیہ سدیدیا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شجرہ

عالیہ سلیمانیہ

اے خداوند تو ذات کبریا کیواسطے
رحم کر مجھ پہ محمد مصطفیٰ کیواسطے

وفات ۱۲، ربیع الاول ۱۱ھ مدینہ طیبہ

میں ہوا ہوں سخت زار اس تپ محنت میں امیر

کھولیئے مشکل علی المشکل کشا کے واسطے

۲۱۔ رمضان المبارک سنہ ۴۰ھ نجف اشرف

خواجہ بصری حسن کا نام لایا ہوں شفیع

۴ محرم الحرام سنہ ۱۱۱ھ بصرہ

شیخ عبدالواحد اہلِ بقا کے واسطے

۲۷ صفر ۱۷۷ھ بصرہ

فضل کر مجھ پہ طفیل خواجہ ابن عیاض

۳ ربیع الآخر ۱۸۷ھ جنت المعلیٰ

شاہ ابراہیم بلخی بادشاہ کے واسطے

۲۰ جمادی الاول ۳۸۱ھ ملک شام بیت المقدس

حضرت خواجہ حذیفہ کے لیے تاکہ رحم کر

۲۴ شوال ۲۷۶ھ کوہ مرعش

پھر ہبیرا البصری صاحب ہدی کے واسطے

۷ شوال ۲۸۷ھ بصرہ سابق

خواجہ ممشاد کی خاطر مراد دل شاد کر

۱۴ محرم ۲۹۸ھ دینور سہر

شیخ بو اسحاق قطب چشتیا کے واسطے

۱۴ ربیع الثانی ۳۲۹ھ عکہ در شام

خواجہ ابو احمد ابدال بو محمد مقتدوا

٦ رمضان ٢٦٠ھ ربیع الاول ٣١١ علاقہ ہرات

خواجہ بو یوسف ولی صاحب صفا کے واسطے

١٣ رجب ٤٥٩ چشت

خواجہ مودود حق اور خواجہ حاجی شریف

یکم رجب ٥٢٧ھ ١٠ رجب ٦١٢ چشت علاقہ بخارا

خواجہ عثمان اہل اقتدا کے واسطے

۵ شوال ۶۱۷ھ روبروخانہ کعبہ

والی ہندوستان خواجہ معین الدین حسن

۶ رجب ۶۳۳ھ اجمیر شریف

شیخ خواجہ قطب الدین قطب الاتقیا ہوا سے

۱۴ ربیع الاول ۶۳۳ھ دہلی (ہند)

کام کو شیریں طفیل خواجہ گنج شکر

۵ محرم ۶۶۴ھ پاک پٹن شریف

اور نظام الدین محبوب اولیا کیواسطے

۱۸ ربیع الآخر ۷۲۵ھ دہلی

دل کو روشن کر طفیل شاہ نصیرالدین چراغ

۱۸ رمضان ۷۵۷ھ دہلی

اور کمال الدین کمال اصفیا کیواسطے

۲۷ ذی قعدہ ۷۵۶ھ دہلی

دُور کر ظلمت سراج الدین دنیا کیلئے

۲۱ جمادی الاوّل ۷۶۲ھ پیران پٹن

اور علم الحق و دیں علم الہدیٰ کے واسطے

۲۶ صفر ۸۰۵ھ پیران پٹن

حضرت محمود راجن سرورِ دنیاؤدیں

۲۲ر صفر ۸۵۷ھ پیران پٹن

اور جمال الدین جمن صاحب صفا کیواسطے

۲۰ر ذالحجہ ۹۵۷ھ احمد آباد گجرات

حضرت شیخ حسن اور خواجہ شیخ محمد کے طفیل

۲۸ر ذلقعدہ ۹۸۰ھ احمد آباد۔ ۲۹ر ربیع الاول ۱۰۴ احمد آباد

حضرت یحییٰ مدنی مقتدا کیواسطے

۲۷ صفر ۱۱۴۱ھ مدینہ طیبہ

فضل کر مجھ پر شاہ کلیم اللہ ولی!

۲۴ ربیع الاول ۱۱۴۲ھ دہلی شریف

اور نظام الدین مقبول خدا کیواسطے

۱۲ ذی قعدہ ۱۱۴۲ھ اورنگ آباد

دین و دنیا کا وسیلہ پیر عالم فخر الدین

۲۷ رجمادی الآخر ۱۱۹۹ ھ دہلی متصل قطب صاحب

خواجہ نور محمد رہنما کے واسطے

۳ ذالحجہ ۱۲۰۵ ھ چشتیاں ریاست بہاولپور تونسہ شریف

حضرت خواجہ سلیمان دو جہاں کے دستگیر

۷ صفر ۱۲۶۷ ھ

قبلۂ حاجات کعبہ مدعا کیواسطے

تونسہ شریف

فی الحقیقت شیخ ماہیں شرف دنیا فخرن الدین

خواجہ اللہ بخش شرف اولیا کے واسطے

۲۹ رجمادی الاول ۱۳۱۹ھ

عبد سبحان وسلام دعای دین نبی

حافظ موسیٰ کلیم کبریا کے واسطے

۱۵ ذالحجہ ۱۳۲۳ھ تونسہ شریف پنجاب

بہر غلام محمدؐ کی عاقبت بالخیر ہو

خواجہ حامد کریم باعطا کے واسطے

۲۳ ذی الحجہ ۱۳۲۹ھ تونسہ شریف

گوہر برج سلیمانی سدید الدین جناب

مورد الطاف رحمان پیشوا کیواسطے

دوشنبہ ۱۳ر شوال سنہ ۱۲۷۹ھ

نجشدے اپنی محبت اور قطع ماسوا

برکت پیران شجرۂ چشتیہ کیواسطے

★

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

(رنگین پریس کراچی)